سوال

(299)بچے کا نام رکھنے میں کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بچے کا نام رکھنے میں کن باتوں کا خیال ضروری ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بچے کا نام محبوب ترین رکھنا چاہیے صحیح مسلم میں حدیث ہے ۔

«ان احب اسمائکم الی اللہ عبداللہ وعبدالرحمن» (1)

"تمہارے ناموں میں سے سب سے محبوب ترین نام اللہ کے ہاں عبداللہ اور الرحمن ہیں ۔"

اسی طرح وہ نام جس میں عبودیت کا اظہار ہو مثلاً عبدالرحیم عبدالملک اور عبدالصمد وغیرہ پھر انبیاء علیہ السلام اور نیک لوگوں کے ناموں کو اختیار کرنا چاہیے صحیح مسلم میں حدیث ہے ۔

«انہم کانوا یسمون باسماء انبیا ئہم والصالحین قبلہم» (2).

اور سنن ابوداؤد میں ہے ۔

«تسموا باسماء الانبیاء واحب الاسماء الی اللہ عبداللہ وعبدالرحمن واصدقہا حارث وہمام واقبحہا حرب ومرۃ» (3) (باب فی تغییر الاسماء)

یعنی "انبیاء علیہ السلام کے ناموں پر نام رکھو اللہ کے ہاں سب سے محبوب ترین نام عبداللہ اور عبدالرحمن اور سب سے سچا یعنی واقعہ کے مطابق حارث اور ہمام ہے ۔ (کیونکہ ہر آدمی دنیا یا آخرت کی کھیتی میں لگا ہے اسی طرح تفکرات بھی انسانی زندگی کا لاحقہ ہیں) اور سب سے برا نام حرب (لڑائی) اور مرۃ (کڑواپن) ہے ۔"

نام کا اثر آدمی کی شخصیت پر بہت زیادہ پڑتا ہے اس سلسلہ میں تفصیلی بحث کے لیے ملاحظہ ہو ۔ (زادالمعاد 2/5فصل فی فقہ ہذاالباب)

(اور برے نام سے اجتناب کرنا ضروری ہے اور یسا نام بھی نہیں رکھنا چاہیے جس میں تزکیہ نفس پایا جائے اور ایسا نام بھی نہیں رکھنا چاہیے جس میں سب و شتم کا مفہوم ہو وغیرہ وغیرہ)(فتح الباری10/575)

1۔ سیحح مسلم کتاب الادب باب النہی عن التکنی بابی القاسم (٥٥٨٦)-(٥٥٩٧)

2۔ صحیح مسلم کتاب الادب باب النہی ...وبیان مایستحب من الاسماء (٥٥٩٨)

3۔ ابوداؤدکتاب الادب باب فی تغیر الاسماء (4950) ضعفه الالبانی وانظر: الارواء (٤/٤-٨) رقم (١١٧٨) فیه عقیل بن شبیب وقال الذہبی: لایعرف وقال الحافظ" مجہول''

ھذا ما عندي واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ مدنیہ

ج1ص591

محدث فتویٰ